# جوڑوں کے درد کی دوائی: METHOTREXATE

## دوائی کیوں دی جارہی ہے؟

METHOTREXATE جوڑوں کی درد کی مختلف اقسام میں استعمال کی جاتی ہے جن میں RHEUMATOID ARTHRITIS اور PSORIATIC ARTHRITIS بھی شامل ہیں۔

یہ دوائی سوجن کم کرنے کے ساتھ ساتھ انسانی جسم کے دفاعی نظام IMMUNE SYSTEM کو بھی متاثر کرسکتی ہے۔ چونکہ یہ دوائی انسان کے دفاعی نظام کو کمزور کرتی ہے اس لئے احتیاط کے ساتھ استعمال کی جاتی ہے۔

## کب دوائی استعمال کرنی چاہیئے؟

عام طور پر METHOTREXATE گولی کی صورت میں ہر ہفتہ ایک مخصوص دِن ہی استعمال کی جاتی ہے ۔ یہ دوائی کھانے کے ساتھ استعمال کرنی چاہیے اور پوری دوائی بغیر پیسے اور چوسے کھانی چاہیے۔ یہ دوائی ہفتہ میں ایک دفعہ ٹیکے کی صورت میں بھی دی جاتی ہے۔

## کتنی خوراک استعمال کرنی چاہیے ؟

METHOTREXATE کی گولیاں 2.5mg اور 10mg میں دستیاب ہیں۔

یہ دو گولیاں مختلف وزن کی ہیں مگر ان کا رنگ مِلتا جلتا ہے اِس لیے ہمیشہ دھیان سے خوراک لینی چاہیے۔

آپ کا ڈاکٹر آپ کو کتنی خوراک لینی ہے اُس کے بارے میں بتائے گا۔

عام طور پر کم خوراک کے ساتھ یہ دوائی شروع کی جاتی ہے (مثال کے طور پر ہر ہفتہ 5mg یا 7.5mg) پھر آپ کا ڈاکٹر حسبِ ضرورت اُس کو بڑھا سکتا ہے۔ کچھ مریضوں کو یہ ٹیکوں کی صورت میں بھی دی جاتی ہے۔

## یہ دوائی کتنی دیر میں اثر دکھاتی ہے؟

یہ دوائی فورًا اثر نہیں کرتی۔ عموماً تین سے بارہ ہفتوں تک آپ کو اثر محسوس ہونا شروع ہوتا ہے۔

## مضر اثرات کیا ہو سکتے ہیں؟

کچھ مریضوں میں یہ دوائی متلی، دست، منہ کے چھالے۔ بالوں کا گرنا۔ اور (RASH) کر سکتی ہے۔

یہ دوائی آپ کے خون کے خلیوں پر بھی اثر کرسکتی ہے (جن میں سے ایک اثر کم خلیوں کا بننا بھی شامل ہے) جن کی وجہ سے آپ کو بیماری کا خطرہ ہوسکتا ہے۔ اگر آپ کا گلہ خراب ہو، بخار ہو، بلاوجہ خون کا اخراج ہو یا جسم پر دھبے پڑ جائیں یا کوئی بھی نئے اثرات مرتب ہوں تو آپ کو اپنے ڈاکٹر سے جلد از جلد رابطہ کرنا چاہیے۔

METHOTREXATE پھیپھڑوں کی سوزش کرتی ہے جس کی وجہ سے سانس پھول سکتا ہے۔ اگر سانس پھولے تو فوراً اپنے ڈاکٹر کو دکھائیں۔

اگر آپ کو پہلے لاکڑا کاکڑا (CHICKENPOX) نہیں ہوا اور اب کسی ایسے فرد سے رابطہ ہوا ہے جس کو لاکڑا کاکڑا یا (SHINGLES) ہیں یا (SHINGLES) پھر آپ کو خود نکل آئے ہیں۔ جب آپ یہ دوائی لے رہے ہوں تو فوراً ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔ چونکہ آپ کو مخصوص علاج کی ضرورت پیش آسکتی ہے۔

کچھ ڈاکٹر صاحبان ایک اور گولی (FOLIC ACID) بھی METHOTREXATE کے مضر اثرات سے بچنے کے لئے تجویز کرتے ہیں۔

## اگر میں یہ دوائی استعمال کروں تو مجھے کوئی مخصوص ٹیسٹ کی ضرورت ہے؟

چونکہ METHOTREXATE خون کے خلیوں اور بعض اوقات جگر پر اثر کرتی ہے اس لئے آپ کے ڈاکٹر ایک خون کا ٹیسٹ دوائی شروع کرنے

سے پہلے کریں گے اور پھر متواتر خون کے ٹیسٹ کروائے جاتے ہیں۔ آپ کو ان ٹیسٹ کا ریکارڈ رکھنا چاہئیے۔ جب بھی اپنے G.P یا ہسپتال میں جائیں تو یہ ریکارڈ ساتھ لے کر جائیں آپ کی چھاتی کا ایکسرے بھی دوائی شروع کرنے سے پہلے کیا جا سکتا ہے۔ اگر آپ متواتر ٹیسٹ نہیں کروا رہے تو آپ کو یہ دوائی نہیں لینی چاہئے۔

## کیا میں دوسری دوائیاں بھی ساتھ استعمال کر سکتا ہوں؟

METHOTREXATE دوسری دوائیوں کے ساتھ بھی استعمال کی جا سکتی ہے۔ چونکہ کچھ دوائیوں کے ساتھ METHOTREXATE استعمال نہیں کی جا سکتی اس لئے آپ جب بھی کوئی نئی دوائی لیں تو اپنے ڈاکٹر سے مشورہ ضرور کریں۔ اور اُس کو ضرور بتائیں کہ آپ METHOTREXATE استعمال کر رہے ہیں۔

مثال کے طور پر آپ عام درد کی دوائیاں یعنی (NSAIDs) صرف اپنے ڈاکٹر سے مشورہ کے بعد استعمال کر سکتے ہیں۔ اسی طرح کچھ دوائیاں جیسے TRIMETHOPRIM سے اجتناب کریں۔

METHOTREXATE درد کی دوائی نہیں ہے اس لئے اگر آپ درد کی دوائی لے رہے ہیں تو وہ جاری رکھیں جب تک کہ آپ کا ڈاکٹر آپ کو منع نہ کریں جو دوائیاں بازار میں عام دستیاب ہیں اُن کا استعمال اپنے ڈاکٹر، دواساز یا جوڑوں کے درد کی نرس کے مشورہ کے بغیر نہ استعمال کریں۔

## کیا میں ویکسین بھی لگوا سکتا ہوں جبکہ میں METHOTREXATE لے رہا ہوں؟

جب آپ METHOTREXATE لے رہے ہیں تو آپ کو کوئی LIVE VACCINE جیسے کہ پولیو، رُبیلا اور YELLOW FEVER نہیں لگوانی چاہیے۔ جب کہ آپ کے گھر کے افراد کو بھی اس سے اجتناب کرنا چاہیے۔

اگر گھر میں بچے یا جوان جنھوں نے پولیو کی ویکسین لگوائی ہو تو آپ کو کم از کم چار سے چھ ہفتے اُن سے ملنے سے اجتناب کرنا چاہیے۔

فلو VACCINE اور PNEUMOVAX کی ویکسین بھی لگوانی چاہیے۔

## کیا میں METHOTREXATE کے ساتھ شراب پی سکتا ہوں؟

اگر آپ شراب پیتے ہیں تو کم مقدار میں لیں کیونکہ دونوں چیزیں آپ کے جگر کو نقصان پہنچا سکتی ہیں۔

## کیا یہ دوائی (PREGNANCY) حمل اور (FERTILITY) انسان کی افزائش نسل کی صلاحیت پر اثر انداز ہو سکتی ہے؟

جی ہاں یہ دوائی بالکل اثر کر سکتی ہے اس لئے یہ دوائی حمل کے دوران نہیں لینی چاہیے کیونکہ یہ بچہ کو نقصان کر سکتی ہے۔ مرد اور عورت اگر یہ دوائی استعمال کریں تو اُنھیں مانع حمل ادویات (CONTRACEPTIVE) کا استعمال بھی کرنا چاہیے۔ اگر آپ نے یہ دوائی بند کر دی ہے تو بھی تین سے چھ مہینے آپ کو مانع حمل ادویات کا استعمال کرنا چاہیے۔ اگر آپ بچہ چاہتے ہیں یا اِس دوائی کے استعمال کے دوران حمل (PREGNANCY) ٹھہر جائے تو اپنے ڈاکٹر یا جوڑوں کے درد کی نرس سے رابطہ کریں۔

## کیا میں بچے کو اپنا دودھ پلا سکتی ہوں؟

اگر آپ METHOTREXATE استعمال کر رہی ہیں تو آپ اپنا دودھ بچے کو نہیں پلا سکتی۔

## مزید معلومات کہاں سے حاصل کر سکتا ہوں؟

اگر آپ کو METHOTREXATE کے متعلق مزید معلومات چاہیے یا کسی بات پر تشویش ہو تو اپنے ڈاکٹر، دواساز یا جوڑوں کے درد کی ماہر نرس سے رابطہ کریں۔

**تمام دوائیں بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں۔**